پانچویں ذمہ داری:......پانچویں ذمہ داری آپ کی یہ ہے کہ اپنے اندر اچھے اخلاق پیدا کریں، اب آپ کی شادیاں ہوں گی تو بھائی گھر والوں کے ساتھ بہترین رویّے سے پیش آئیں، اپنے اندر برداشت صبر وتحمل پیدا کریں، آپ کے ایسے اخلاق ہوں کہ لوگ کہیں کہ بیٹیاں مولویوں کو دینی چاہئیں۔ یہ پرلے درجے کی جہالت ہے کہ بے جا گھر والوں پر سختی، تشدد، والدین، بہن بھائیوں سے ملنے پر پابندی، انتہائی غلط اور بے دینی کی سوچ ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کی پیروی کیجئے۔ ''انك لعلىٰ خلق عظیم '' اپنے آپ کو عملی نمونہ بنا کر پیش کیجئے، آپ کو دیکھ کر لوگ کہیں کہ عالم دین ایسے ہوا کرتے ہیں ایسے بااخلاق اور اچھی صفات والے ہوتے ہیں۔

چھٹی ذمہ داری:......اگر اب تک آپ کا کسی بزرگ سے تعلق نہیں ہے تو جہاں آپ کا رجحان ہو، جس سے مزاج ملتا ہو ان سے اصلاحی تعلق قائم کیجئے، یہ بھی آپ کی ذمہ داری میں شامل ہے اور یہ تعلق بہت زیادہ ضروری ہے اور اس کے بے شمار فوائد ہیں، آپ حضرات جانتے ہیں کہ یہ تعلق سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے اس سے آپ کے علم وعمل ہر چیز میں ترقی ہوگی۔

تبلیغ کے بارے میں:......جن دوستوں نے ایک سال کے لئے تبلیغ میں جانے کا ارادہ کیا ہے، بہت ہی مبارک ہیں لیکن اس میں بھی آپ محض وقت گزاری مت کیجئے، بلکہ تبلیغ کی روح کو سیکھئے اور وہ کیا ہے ''ادع الی سبیل ربك بالحکمة والموعظة الحسنة وجادلهم بالتی هی احسن '' اسلامی آداب کو، دین کو پھیلانے کے طریقے کو سیکھنا ہے۔ بہر حال یہ تو چند بے ربط باتیں تھیں، ایک عالم کے لئے کسی قسم کی ترغیب کی ضرورت نہیں ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس کے سامنے سب کچھ کھول دیا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سب کو دین کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

وصلی الله علی سیدنا محمد وعلیٰ اٰله و صحبه وسلم

☆......☆......☆

دعائے مغفرت

جناب عطاء الرحمٰن صاحب ۲۵ شوال ۱۴۳۲ھ کو انتقال کر گئے، موصوف وفاق المدارس کے امور میں حضرت ناظم اعلیٰ وفاق المدارس مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہ کے معاون وسیکریٹری تھے اور گزشتہ بارہ تیرہ سال سے ادارۂ وفاق سے وابستہ تھے، مرحوم کی عمر تقریباً ساٹھ سال تھی، اللہ جل شانہ ان کی مغفرت فرمائے، پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے، قارئین ماہنامہ وفاق المدارس سے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی درخواست ہے.................(ادارہ)

☆......☆......☆